بسم اللہ الرحمن الرحیم

آج بہ روز یک شنبہ: ۱۲ / جمادی الاولی ۱۴۳۲ھ = مطابق ۱۷/ اپریل ۲۰۱۱ء کو، مشرقی چمپارن کے مشہور مدرسہ "مدرسہ تجوید القرآن" موضع "چیروا" ضلع موتیہاری کی زیارت کی سعادت ملی۔ یہ مدرسہ قرآن پاک کی تحفیظ و تجوید کے حوالے سے جتنا شہرت یافتہ ہے ناچیز نے آکر یہاں جو کچھ دیکھا دل نے کہا کہ یہ اپنی شہرت سے بھی زیادہ بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ نے اسی لیے مسلمانوں میں اس کی محبوبیت کو عام کیا ہے کہ یہاں واقعی کام ہو رہا ہے اور اس کو ذاتی طور پر شہرت اور نام و نمود کی کوئی خواہش نہیں ہے۔ نہ صرف طلبہ؛ بل کہ اساتذہ و ذمے داروں میں بھی سادگی، بے نفسی اور خلوص محسوس ہوا۔ ایک خاص قسم کا جذبۂ عمل ہے جس سے مدرسے کے معاشرے کا ہر فرد سرشار نظر آتا ہے۔ اللہ سبھوں کو استقامت نصیب فرمائے۔ مدرسے کی عمارت شہر سے دور دیہات میں کھلی جگہ میں واقع ہے اس لیے نہ صرف شہر کی ظاہری اور مادی آلودگی سے منزہ و دور ہے؛ بل کہ آب و ہوا کے حوالے سے بھی ہر طرح کی آلودگی سے پاک ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس مدرسے کے ذمے داروں اور اساتذہ کو اخلاص و عمل کے اسی معیار پر برقرار رکھے اور اس کو قرآن پاک کی مزید خدمات سے شرف یاب کرے۔

اساتذہ و منتظمین جس محبت، اپنائیت اور حسن خلق سے ملے، اس کے لیے میں ان کا نہ صرف شکر گزار ہوں؛ بل کہ ان کے لیے دل سے دعا گو ہوں۔

نور عالم خلیل امینی
استاذ ادب عربی دارالعلوم دیوبند